سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر، جہاں تک قرارداد کی روح کا تعلق ہے، میں اس قرارداد سے اتفاق کرتا ہوں لیکن جو بات چمکنی صاحب نے کہی ہے کہ اس قرارداد کے اندر ان تمام جگہوں کو شامل کیا جائے جہاں پہ سوئی گیس کی منظوری ہو چکی ہے اور وہاں پہ حکومت کی تبدیلی کے بعد ان پر کام نہیں ہو رہا ہے اور دوسری بات میں تھوڑی سی عبدالاکبر خان صاحب سے، کتاب ان کے پاس ہوتی ہے، ابھی ابھی کچھ دو تین قراردادوں سے پہلے، کوئی دس پندرہ منٹ پہلے انہوں اس قرارداد کی مخالفت کی تھی، جو ڈیویلپمنٹ ہے، اس حوالے سے، جہاں پر پیسے کا عمل دخل ہو، جہاں پہ اخراجات آئے، اس کی انہوں نے مخالفت کی اور دس منٹ بعد پھر دوسری قرارداد پیش کی، میں ان کی حمایت کرتا ہوں (تالیاں) اس قرارداد کی حمایت کرتا ہوں لیکن میں یہ کہتا ہوں کہ حکومت کو 'ڈبل سٹینڈرڈ' نہیں رکھنا چاہیئے، حکومت کا مؤقف بڑا واضح ہونا چاہیئے اور اگر عبدالاکبر خان جیسے لوگ، جن سے ہم سیکھتے ہیں، بہت بڑا پارلیمنٹرین ہے-----

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر صاحب، جناب سپیکر صاحب۔

(قطع کلامیاں)

جناب قائم مقام سپیکر: شاہ صاحب، صابرہ شاہ صاحب، عبدالاکبر خان صاحب کا موڈ دیکھیں۔

سید محمد صابرہ شاہ: حالات کی نبض پر ان کا ہاتھ ہوتا ہے لیکن جب یہ ایسی حرکت کرتے ہیں تو ہمیں بڑا دکھ ہوتا ہے۔ یہ بڑی معصوم قرارداد ہے، یہ غازی کا علاقہ، تحصیل غازی میں بجلی و سوئی گیس کا کام ادھورا ہے، اس کو بھی اس میں شامل کیا جائے اور Unanimously اسے پاس کیا جائے۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر صاحب۔

جناب قائم مقام سپیکر: صابر شاہ صاحب، ایک منٹ۔ عبدالاکبر خان۔ میں نے عبدالاکبر خان صاحب کو اس وقت بھی دیکھا ہے جب وہ اپوزیشن کے ساتھ پھرتے تھے، اس وقت ان کے اور جذبات تھے، اب اور جذبات ہیں۔ جناب عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، پیر صاحب نے بات کی کہ میں نے اس وقت ڈیویلپمنٹل کا ذکر کیا کہ اس وقت یہ پاس کریں۔ جناب سپیکر، گورنمنٹ کا لفظ اس میں آتا ہے تو گورنمنٹ کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ پراونشل گورنمنٹ، کیونکہ اس کی Definition کی کلاز میں جب گورنمنٹ کو Define کیا گیا ہے کہ 'The Government of North-West Frontier Province' تو جو 'نارتھ ویسٹ

فرنٹیئر پراونس' کی گورنمنٹ کی ڈیویلپمنٹل فیزبیلٹی، ٹکنیکل وہ چیز اس میں نہیں ہے، یہ تو ہم سفارش کرتے ہیں مرکزی حکومت سے، یہ تو صوبائی حکومت کے کوئی Resources پر نہیں ہے، فیزبیلٹی پر نہیں، ٹکنیکل پر نہیں ہے، یہ تو ہم فیڈرل گورنمنٹ سے سفارش کرتے ہیں کہ آپ ہمارے لئے یہ کام کریں۔

جناب قائم مقام سپیکر: جناب پیر صابر شاہ صاحب۔

سید محمد صابر شاہ: میں کہتا ہوں کہ اس میں پیسہ Involve نہیں ہوتا، یہاں تو ہم سڑکوں کے مطالبے، یہاں تحصیلوں کی ہم قرارداد لاتے ہیں، کیا اس میں پیسہ Involve نہیں ہوتا؟ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ رویوں کو ٹھیک کریں، بات رویوں کی ہے کہ کسے بلڈوز کرنا چاہیں، کتاب اٹھا دی جاتی ہے، کسی کی آپ Favour کرنا چاہیں تو کتاب بند کر دی جاتی ہے، میں نے کہا 'ڈبل سٹنڈرڈ' ہے، اسکو بند کیا جائے۔

جناب قائم مقام سپیکر: جناب ملک قاسم صاحب۔

ملک قاسم خان خٹک: سپیکر صاحب! بے نظیر بی بی قومی لیډره وه، د ټول پاکستان لیډره وه، هغے د ټول پاکستان د پاره، د خیر سګالئ د پاره هر چرته ئے ګیس ورکولو خو زمونږه ضلع کرک، پرون ټوله زمونږه ضلع جام وه، په دیکښے د دا Amendment اوشی چه کرک ضلع کښے د کلی کلی ته ګیس اورسیږی نو بیا مونږه د دے سره اتفاق کوؤ ځکه چه مونږه په دیکښے Aggrieved یو، کرک ډسټرکټ زما دے، اول حق زما دے۔ 'خپله خاوره خپل اختیار' دوئ نعرے وهلے، مونږه په هغے باندے عمل غواړو، جناب والا۔

جناب قائم مقام سپیکر: مفتی کفایت اللہ صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: شکریہ، جناب صاحب۔ اس قرارداد میں ایک دلچسپی ہے، وہ اور قراردادوں میں نہیں ہے، اسلئے تمام حضرات اس میں سیریس بھی ہیں اور بات بھی کرنا چاہتے ہیں۔ یہاں نام آیا ہے محترمہ بے نظیر بھٹو کا، تو مسٹر عبدالاکبر خان نے کئی دفعہ اس فلور پر یہ بتایا ہے کہ جب ایک لیڈر قومی ہیرو کی حیثیت اختیار کر لیتا ہے تو وہ ایک پارٹی کا لیڈر یا اس کو ایک ضلع کا لیڈر قرار دینا، یہ اس کی توہین ہوتی ہے۔ اگر ہماری 'امنڈمنٹ' کے اندر یہ آ جائے کہ چوبیس اضلاع کو گیس فراہم کر دی جائے اور ساتھ محترمہ بے نظیر بھٹو کا نام آ جائے تو ہم بھی استفادہ کر لیں گے۔ مجھے عبدالاکبر خان یہ بتائیں کہ اس قرارداد میں یہ کہاں لکھا ہوا ہے

کہ محترمہ بے نظیر بھٹو نے یہ کہا ہو کہ آپ مردان کو گیس دے دیں اور تیئیس اضلاع کو گیس نہ دیں یہ؟ تو کہیں نہیں لکھا ہوا ہے۔ (تالیاں)

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> جناب سپیکر صاحب۔

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> میری بات جاری ہے، میں یہ سمجھتا ہوں جن لوگوں پر ہم اتفاق کر سکتے ہیں، قائداعظم محمد علی جناح ہیں اور نام ہیں، اس کے اندر یہ نام آگیا، محترمہ بے نظیر بھٹو، اگر پیپلز پارٹی کے ساتھی انکو صرف اپنی پارٹی اور اضلاع کی طرف کھینچیں گے تو ہمارا حق اور استحقاق مجروح ہو جائیگا۔ بہت عظیم پائے کی لیڈر تھیں اور ایسے لیڈر میں کہتا ہوں، بہت کم پیدا ہوتے ہیں، ایسے لوگ:

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

لیکن میں جناب عبدالاکبر خان صاحب سے گزارش کروں گا کہ آپ تسلیم کریں اس حقیقت کو اور یہ کہہ دیں کہ محترمہ بے نظیر بھٹو کی خواہش اور انکے احترام میں صوبہ سرحد کے چوبیس اضلاع کو گیس فراہم کر دی جائے جن کے اندر تمام ساتھیوں کے اضلاع ہیں، یہ بہت ضروری ہے۔

(شور / قطع کلامیاں)

<u>جناب قائم مقام سپیکر:</u> عبدالاکبرخان! دا قرارداد به مونږه هاؤس ته پیش کړو With amendment، ترمیم کے ساتھ۔

(شور / قطع کلامیاں)

<u>جناب قائم مقام سپیکر:</u> د هاؤس نه به تپوس او کړو کنه۔ جناب عبدالاکبرخان۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> جناب سپیکر، جب آپ Amendment لانا چاہتے ہیں تو اس کیلئے آپ رول 'ریلیکس' کریں گے۔ میرا مقصد یہ ہے کہ قرارداد کو ووٹ کیلئے ڈال دیں، بیشک یہ 'اپوز' کریں، میری قرارداد بے شک 'اپوز' کریں، دوسری قرارداد لے آئیں نا، سر۔

<u>جناب قائم مقام سپیکر:</u> عبدالاکبر خان، روایت کے مطابق ابھی میں نے پہلے دو 'موو' کیں۔۔۔۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> آپ میری قرارداد کو کیوں خواہ مخواہ وہ کرتے ہیں؟

<u>جناب قائم مقام سپیکر:</u> میں نے ابھی دو Amendment کی ہیں، روایت کے مطابق ہم نے کی ہیں۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> میں تو Agree نہیں کر رہا ہوں۔

(شور)

جناب قائم مقام سپیکر: آپ تشریف رکھیں نا، تشریف رکھیں۔

(شور)

Mr. Acting Speaker: The motion before the House is that the resolution, with amendment, moved by the honorable Members may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Acting Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution, with amendment, is passed unanimously. Mr. Abdul Akbar Khan, MPA, to please move his resolution No. 225. Mr. Abdul Akbar Khan, please.

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، چونکہ پراونشل گورنمنٹ اس پر کام کر رہی ہے تو میں نہیں چاہتا کہ اس Controversy کو وہاں پر اٹھالوں تو اسکو آپ پینڈنگ کر لیں، مہربانی ہو گی جی۔

Mr. Acting Speaker: As requested by the honorable Member, the resolution is kept pending. Malik Qasim Khan, honorable MPA, to please move his resolution No. 226. Mr. Malik Qasim Khan.

ملک قاسم خان خٹک: "یہ صوبائی اسمبلی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ ہمارا صوبہ پہلے سے حالت جنگ میں ہے جس کی وجہ سے یہاں بے روزگاری بڑھ رہی ہے اور معاشی حالات دن بدن بگڑ رہے ہیں اور مزید یہ کہ موجودہ امن وامان کیوجہ سے 'چائنا انڈسٹریل زون' بھی یہاں سے دوسرے صوبوں کو منتقل کیا جارہا ہے جو یہاں کے عوام کے ساتھ نہایت ہی زیادتی ہو گی، لہذا حکومت عوام کے بہتر مستقبل کی خاطر 'چائنا انڈسٹریل زون' کو صوبہ سرحد میں قائم کرنے کے فوری طور پر اقدامات کرے تاکہ انصاف کے تقاضے پورے ہو سکیں"۔

جناب قائم مقام سپیکر: جناب سید احمد حسین شاہ صاحب۔

سید احمد حسین شاہ (وزیر برائے صنعت و حرفت): میں پہلے تو شکریہ ادا کروں گا ملک قاسم صاحبہ کا، میں معذرت خواہ ہوں (قہقہے) ملک قاسم کے آگے اصل میں دو 'صاحبہ' آرہی ہیں تو اسلئے غلطی ہو گئی۔ ملک قاسم صاحب کا بھی شکریہ ادا کروں گا اور اس کے ساتھ ہی محترمہ زرقا بی بی اور محترمہ عظمیٰ خان صاحبہ کا کہ اگلی جو قرارداد آرہی ہے، وہ بھی اسی سلسلے کا حصہ ہے تو میں معزز ایوان کو تھوڑا سا بریف کرتا چلوں اس قرارداد کے بارے میں تاکہ آپ کو آسانی پیدا ہو اس قرارداد کو پاس کرنے میں یا Reject

کرنے میں۔ تو اس میں جو بات ہے، جو 'اکنامک زون' کا ذکر کیا گیا ہے، میں آپ کو یہ بتا تا چلوں کہ 2003 کے اندر President initiative کے تحت اس سکیم کو آگے بڑھایا گیا تھا اور پھر 2004 میں پرائم منسٹر آف پاکستان کے چائنا حکام کے ساتھ ملاقاتیں ہوئیں اور اس کے بعد ایک سولہ رکنی کمیٹی بنائی گئی پلاننگ کمیشن کے تحت اور اس سولہ رکنی کمیٹی نے اس کے 'بائی لاز' بنائے اور اس 'بائی لاز' کے تحت یہ طے پایا جی، یہ On record ہے کہ 'پاک چائنا زون' پاکستان کے تمام صوبوں کے اندر بنایا جائے گا۔ شروع میں پنجاب والوں نے تین ہزار ایکڑ زمین کا Commitment کیا دینے کیلئے لیکن بعد میں اس Commitment کو پورا نہ کر سکے۔ پھر جب شہباز شریف صاحب چائنا گئے تو انہوں نے واپس آکر فیصل آباد کے اندر جو ان کی زمین تھی، اس کو پاک چائنا زون کیلئے Commit کیا۔ یہ بات، یہ تاثر، یہ احساس بالکل غلط ہے کہ پاک چائنا زون کو ہمارے صوبے سے شفٹ کیا گیا ہے، یہ بات میں آپ کو Clearly بتا دینا چاہتا ہوں کہ پاک چائنا زون ہمارا اپنا ہے، پنجاب کا اپنا ہے، بلوچستان کا اپنا ہے، سندھ کا اپنا ہے۔ ہم نے ابھی اس کے اوپر کام کیا ہے، وہ یہ کہ پاک چائنا زون کیلئے حطار کے مقام پر دو ہزار ایکڑ زمین لینے کیلئے اس کا پراسس جاری ہے، اس کا سیکشن فور ہو چکا ہے اور انشاء اللہ بہت جلد ہم پاک چائنا زون کا سلسلہ حطار کے مقام پر جاری کر دیں گے۔ اگلی قرارداد میں جیسا کہ نوشہرہ اور رشکئی، جہانگیرہ اور رسالپور کا نام بھی آیا ہوا ہے تو اس کیلئے میں آپ کو بتا تا چلوں کہ سپیشل اکنامک زون، ہماری حکومت کی انشاء اللہ تعالیٰ رسالپور میں، نوشہرہ میں، رشکئی اور جہانگیرہ میں دو کمیٹیاں بنائی گئی ہیں جس کے تحت وہاں پر زمین کا انتخاب کیا جائے گا اور سپیشل اکنامک زونز بھی وہاں پر قائم کئے جائیں گے، تو اسلئے یہ ضرورت تھی کہ میں آپ کو بتا دوں یہ بات اور کئی دفعہ میڈیا پر بھی کہہ چکے ہیں کہ یہ تاثر بالکل غلط ہے، پاک چائنا زون کو صوبہ سرحد سے منتقل نہیں کیا گیا، پنجاب کا اپنا ہے اور ہمارا اپنا ہے۔ بہر حال یہ قرارداد آئی ہے اور یہ نیشنل ایشو کے اوپر قرارداد ہے، میرے خیال میں اگر اس قرارداد کو پاس بھی کر دیا جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ شکریہ، جناب۔

Mr. Acting Speaker: Malik Qasim Khan! you are satisfied?

ملک قاسم خان خٹک: دا کہ پاس شی څہ حرج نشتہ جی، فائدہ دہ جی۔

Mr. Acting Speaker: Now if we treat it as withdrawn-----

ملک قاسم خان خٹک: پاس ئے کړئ کنہ جی۔

جناب قائم مقام سپیکر: ھاں ؟

ملک قاسم خان خٹک: پاس ئے کړئ جی۔

جناب قائم مقام سپیکر: بیا خو ضرورت نشته، چه تهٔ مطمئن ئے نو ریزولیوشن بیا۔۔۔۔۔

ملک قاسم خان خٹک: زهٔ خو وایم چه پاس د شی، زهٔ به مطمئن یم، دا خو به تائید شی، دا خو د صوبے د مفاد خبره ده او زما د ذات خو څه پکښے شته نه جی۔

Mr. Acting Speaker: The motion before the House is that the resolution moved by the honourable Member may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'

(The motion was carried)

Mr. Acting Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed unanimously. Ms Zarqa Bibi, the honourable MPA and Ms Uzma Khan, MPA, to please move their joint resolution No .227.

محترمہ زرقا: بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ شکریہ، جناب سپیکر۔۔۔۔۔

جناب قائم مقام سپیکر: مسماۃ زرقا بی بی، پلیز۔

محترمہ زرقا: "یہ صوبائی اسمبلی وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ ضلع نوشہرہ میں رسالپور کے مقام پر 'پاک چائنا اکنامک زون' کے منصوبے کو پنجاب کے شہر فیصل آباد منتقل کرنے کے فیصلے کو واپس لے کیونکہ یہ صوبہ پہلے سے بہت پسماندہ ہے، غربت اور بیروزگاری زیادہ ہے اور وفاقی حکومت کے اس فیصلے سے اس صوبے کے مسائل میں اور بھی اضافہ ہوگا، اسلئے وفاقی حکومت اس فیصلے کو واپس لے کر اس صوبے کو مزید ریلیف دے تاکہ یہاں صنعتی واقتصادی ترقی کو فروغ دیا جاسکے"۔ شکریہ جی۔

جناب قائم مقام سپیکر: مسماۃ عظمیٰ خان، پلیز۔

محترمہ عظمیٰ خان: "یہ صوبائی اسمبلی وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ ضلع نوشہرہ میں رسالپور کے مقام پر پاک چائنا اکنامک زون کے منصوبے کو پنجاب کے شہر فیصل آباد منتقل کرنے کے فیصلے کو واپس لے کیونکہ یہ صوبہ پہلے ہی سے بہت پسماندہ ہے، غربت اور بیروزگاری زیادہ ہے اور وفاقی حکومت کے اس فیصلے سے اس صوبے کے مسائل میں اور بھی اضافہ ہوگا، اسلئے وفاقی حکومت اس فیصلے کو واپس لے کر اس صوبے کو مزید ریلیف دے تاکہ یہاں صنعتی اور اقتصادی ترقی کو فروغ دیا جاسکے"۔

Mr. Acting Speaker: The motion before the House is that the joint resolution moved by the honourable Members may be passed? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Acting Speaker: The 'Ayes'have it, the resolution is passed unanimously. Mr. Sanaullah Khan Miankhel, the honourable MPA, to please move his resolution No. 228. Mr. Sanaullah Khan Miankhel, please.

الحاج ثناء اللہ خان میانخیل: بہت مہربانی، جناب سپیکر صاحب۔اس قرارداد کو پیش کرنے سے پہلے میں عرض کروں گا کہ اس میں کوئی ٹیکنیکل غلطی ہے، وہ سامنے نظر آئی ہے کہ ضلع کی باؤنڈری پر ہونے کی وجہ سے، بلکہ نہ ہونے کی وجہ سے، اس میں 'نہ' کا اضافہ کر دیا جائے کہ 'ضلع کی باؤنڈری پر نہ ہونے کی وجہ سے'۔ سر، اس کو پیش کرنے سے پہلے اگر اجازت دیں تو میں ایک قرارداد، اور خصوصاً یہ قرارداد یا ہماری جو قراردادیں نظر آ رہی ہیں، ٹھیک ہے، ہم حلقے کیلئے یا ان کو خوش کرنے کیلئے یہاں پر پیش کرتے ہیں، پھر ہمارا Concept بھی یہی بن رہا ہے، تو مرکزی حکومت کو جب بھیجتے ہیں یا ہماری حکومت یا مرکزی حکومت کو بھی قرارداد بھیجی جائے تو کم از کم وہ صوبائی اسمبلی کو اپنی قراردادوں کے متعلق آگاہ کرتے رہیں کہ اس میں کونسی Hitch ہے یا کونسی نہیں ہے، تو اس کیلئے میرے خیال میں اگر ہاؤس اتفاق کرے تو ہم ایک قرارداد بھیج دیں گے مرکزی حکومت کو کہ کم از کم ہمارے صوبے کو، جو کہ مرکز کی اکائی ہے اور ان قراردادوں کا ہمیں پتہ نہیں ہے کہ ردی کی ٹوکری میں جاتی ہیں یا ان پہ کوئی عمل بھی کیا جاتا ہے، میں اپنے فہم و فراست کے لوگوں سے یہی عرض کروں گا کہ اگر اس پہ قرارداد لے آئیں اور ان کیلئے اکٹھی قرارداد ہم بنا لیں اور اس میں میرے خیال میں مرکزی حکومت کو سفارش کریں کہ کم از کم ہماری قراردادوں کا ہمیں جواب مل سکے کہ اس پر عمل ہو رہا ہے یا نہیں یا کیوں نہیں ہو رہا ہے؟ جناب سپیکر، وہ لکھنی پڑے گی اور اس میں ٹیکنیکل غلطی آئی ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ "یہ اسمبلی، صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ این ایچ اے کے اکثر ٹول پلازے جو کہ ضلعی حدود میں نہیں ہیں اور ان کے ضلعی حدود پر نہ ہونے کی وجہ سے مقامی اضلاع کے لوگ"۔۔۔۔

جناب بشیر احمد بلور (سینیئر وزیر): جناب سپیکر صاحب، تاسو او گوری جی چه د هاؤس کارروائی جاری ده او معزز ممبران صاحبان خپلو کښے لگیا دی۔

جناب قائم مقام سپیکر: عبدالاکبر خان، پیر صاحب، پلیز۔

الحاج ثناء اللہ خان میانخیل: جیسا کہ نوشہرہ، کرک اور ڈیرہ اسماعیل خان وغیرہ میں جو بھی ٹول پلازے ہیں، اس وقت خاصکر میں ڈی آئی خان کا ذکر کروں گا، ان میں لوگ روزانہ، جہاں پر لگے ہوئے ہیں شہر کے نزدیک، اس طرح سے ہیں جناب والا، جہاں سے بائی پاس گزر رہا ہے وہاں پر ٹول پلازۂ ہے، میں اپنی قرارداد کو میرا خیال ہے کہ مکمل کر لوں۔ "اضلاع کے لوگ زمینداری، کچہری، تھانہ، سرکاری دفاتر، عدالتوں، ہسپتالوں، سکولوں، کالجوں اور غم و خوشی کے سلسلے میں روزانہ آنے جانے کا ٹیکس ادا کرتے ہیں، لہذا این ایچ اے نے سڑکوں پر جو ٹول پلازے تعمیر کئے ہیں، حکومت انہیں فوری طور پر ضلعی حدود پر شفٹ کرے تاکہ لوگ اس پریشانی سے محفوظ ہو سکیں، ان کو بچایا جا سکے"۔

اس سلسلے میں میں عرض کروں گا سر، قانونی طور پہ جو Defaulters ہیں کیونکہ یہاں پر شہر کے نزدیک آدھے فرلانگ پہ جو 'ویلجز' ہیں یا اس کے ساتھ ملحقہ ہیں اور جن 'ویلجز' میں یہ قائم کئے گئے ہیں، اس کے آدھے لوگ اس کو Pay کرتے ہیں اور آدھے لوگ فری آتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ این ایچ اے، وہ ہمارے رابطے تھے جو پراونس سے Take over کئے ہیں مرکزی حکومت نے اور ہمارے پاس اس کا Alternate ہی نہیں ہے، جیسا کہ ڈی آئی خان_ژوب کوئٹہ روڈ، جس طرح ہماری پشاور_ڈی آئی خان روڈ، اس طرح سے ڈی آئی خان سے ڈی جی خان روڈ، یہ تمام روڈز انہوں نے لی ہیں جو کہ پراونشل گورنمنٹ نے ان کو Acquire کیا تھا اور ان کے بنے ہوئے سٹرکچر جو ہیں، دوبارہ ان کو بنایا جا رہا ہے، ہمارے پاس اس کا کوئی Alternate بھی نہیں ہے، تو میں سمجھتا ہوں کہ ٹیکس ہم ضرور ادا کرنا چاہتے ہیں، ٹیکس کا جو اضافہ ہے اس کے اخراجات کے مطابق، اس کو بھی برداشت کرنے کیلئے اس صوبے کے عوام اور ڈی آئی خان کے عوام تیار ہیں لیکن بدقسمتی سے یہ ٹول پلازۂ جو کہ دو سالوں سے قائم ہے، وہاں پر ان ٹول پلازوں کا بوجھ ہے، میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے قومی نمائندوں کو آواز اٹھانی چاہیئے اور میں نے کئی دفعہ ان سے کہا ہے کہ ڈی آئی خان محصور ہے ٹول پلازوں کے درمیان، ادھر یونیورسٹی کے ساتھ ڈی آئی خان لگا دیا گیا ہے، روزانہ سٹوڈنٹس جو کہ بسوں میں سفر کرتے ہیں، یہ ایکسٹرا چارجز اور خاصکر Agriculturists جو کہ وہاں سے ہم ٹرالی کے ذریعے لاتے ہیں تو ہمارے اوپر جو ٹول پلازوں کا Heavy expenditure ہے، مہربانی کر کے اس میں کوئی ایسے اقدام کیلئے سفارش کی جائے کہ یہ جتنے بھی صوبے کے اندر ٹول پلازے ہیں، ماسوائے این ایچ اے کے اہم سٹرکچر کے کیونکہ اس کی فیس ہم ہر جگہ پہ ادا کرتے ہیں، جس طرح پشاور ضلع کی باؤنڈری میں ٹنل فیس ہے، اسی طرح سے تمام اضلاع میں یہی رولز Adopt کئے

جائیں اور یہ Unnecessary جو ٹول پلازے وہاں پر قائم کئے ہیں، بیشک فیس زیادہ کر دی جائے لیکن ضلعوں کی حدود پہ لی جائے تاکہ Deprivedness سے لوگ بچ سکیں۔ بہت بہت مہربانی، شکریہ۔

Mr. Acting Speaker: The motion before the House is that the resolution moved by the honourable Member may be passed? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Acting Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed unanimously. Nighat Yasmin Orakzai, honourable MPA, not present, withdrawn. Mr. Mian Nisar Gul, honourable Minister for jail, Mr. Liaqat Shabab, honourable Minister for Excise & Taxation, Mr. Akram Khan Durrani, honourable Leader of Opposition, Major (Rtd) Basir Ahmad Khan, MPA, Mr. Israr ullah Khan Gandapur, MPA, Mr. Sher Afghan Khan, MPA, Syed Qalb-e-Hassan, MPA, Malik Qasim Khan Khattak, MPA, Mr. Gulistan Khan, MPA, Hafiz Akhtar Ali, MPA, Mufti Syed Janan, MPA, Dr. Iqbal Din, MPA and Major (Rtd) Latifullah Khan Alizai, MPA, to please move their joint resolution No. 243, one by one. Mian Nisar Gul Sahib, please.

میاں نثار گل کاکاخیل (وزیر جیلخانہ جات): جناب سپیکر، اگر اس پہ دو منٹ مجھے بولنے کی اجازت دیں تو میں آپ کا شکریہ ادا کروں گا، ٹائم بھی کم ہے لیکن یہ پورے جنوبی اضلاع کا مسئلہ ہے۔ اصل میں جناب سپیکر، آپ دیکھ رہے ہیں کہ آج کل کے حالات میں لاء اینڈ آرڈر بہت مسئلہ بن رہا ہے From Peshawer to Kohat، آپ یقین کریں کہ جب کوہاٹ سے یا کرک سے یا بنوں سے یا ڈی آئی خان سے کوئی مریض ہو تو اس کو پشاور تک لانے کیلئے، اس کو وہاں سے اسلام آباد لانا پڑتا ہے، بہت تکلیف سے وہ پشاور پہنچ جاتا ہے۔ جناب سپیکر، میرا خیال ہے کہ ہم سب کی طرف سے، اپوزیشن لیڈر بیٹھے ہوئے ہیں، اگر وہ یہ قرارداد پیش کر لیں، ٹائم بھی کم ہے، میں اپنے آپ کو Withdraw کرتا ہوں کیونکہ یہ بھی ساتھ بیٹھے ہیں تو سب کا اکٹھا ایک مؤقف ہو جائے گا جنوبی اضلاع کا اور ہماری یہ بات مرکز تک پہنچ جائے گی۔ تھینک یو، سر۔

جناب قائم مقام سپیکر: جناب اکرم خان درانی صاحب۔

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ جناب سپیکر صاحب، یہ انتہائی اہم قرار داد ہے اور میں بھی اس حوالے سے بات کروں گا۔ چونکہ کوہاٹ سے لیکر ڈی آئی خان تک جتنے بھی اضلاع ہیں، اس کا ایک ہی راستہ ہے، جب پشاور آتے ہیں تو وہ ٹنل کے ذریعے آتے ہیں اور موجودہ حالات انتہائی تکلیف دہ ہیں، ٹنل بند ہوتی ہے اور پھر صرف یہ سدرن ڈسٹرکٹس کا بھی نہیں ہے، یہ مسئلہ ساؤتھ وزیرستان کا، نارتھ وزیرستان کا اور افغانستان کے ساتھ ابھی جو ہماری بزنس ہے، وہ سارے لوگ بھی اسی راستے پہ آتے ہیں۔ تو اسی کے حوالے سے ہم سب ممبران اسمبلی جو کہ سدرن ڈسٹرکٹس اور فاٹا سے تعلق رکھتے ہیں، نے یکجہتی سے یہ بات کی ہے اور میں قرار داد کے بعد خود بھی وفاقی گورنمنٹ سے انشاء اللہ اس پہ بات کروں گا، ارباب عالمگیر صاحب ہمارے این ایچ اے کے منسٹر ہیں، ان سے بھی انشاء اللہ گزارش کریں گے، اگر اجازت ہو تو میں یہ پیش کرتا ہوں۔

"کوہاٹ ٹنل کی صورتحال خراب ہونے کی وجہ سے جنوبی اضلاع کا سارا ٹریفک بغرض پشاور / اسلام آباد جانے کیلئے کوہاٹ سے نظام پور، خیر آباد روڈ استعمال کرتا ہے۔ مذکورہ کوہاٹ، نظام پور اور خیر آباد روڈ دفاعی لحاظ سے بھی ایک خاص اہمیت رکھتی ہے مگر اس کی موجودہ صورتحال اس قابل نہیں ہے کہ ٹریفک کے اس لوڈ کو بھی بہ آسانی برداشت کر سکے، تو Road user کو مختلف قسم کے مسائل اور خطرات سے دوچار ہونا پڑتا ہے، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ کوہاٹ، نظام پور اور خیر آباد روڈ کو فوری طور پر ایف ایچ اے سے این ایچ اے کو Hand over کیا جائے اور ہنگامی بنیادوں پر اس کی ضروری دورویہ کشادگی اور پختگی یقینی بنا کر اسے ایک متبادل روڈ کے طور پر تمام موسموں کیلئے قابل استعمال بنایا جائے" اور اس میں جی ایک Amendment بھی، ساتھ چونکہ یہاں پہ ہم نے نہیں لکھا ہے، ہم نے بات کی تھی کہ جو ہمارا خوشحال گڑھ Brudge ہے جی، اس کی ابھی وہ حالت نہیں کہ وہاں پر اگر اس روڈ سے آپ جائیں گے، تو یہ Amendment بھی اگر کر لیں کہ "اس کے ساتھ ساتھ خوشحال گڑھ کو بھی شامل کیا جائے اور اس کی از سر نو تعمیر کی جائے کیونکہ وہ انتہائی خراب ہے اور پورے راستے میں بڑی تکلیف ہے"، تو Kindly اس میں اس کے ساتھ Amendment کی جائے اور میں گزارش کروں گا پورے ہاؤس سے کہ اس کو متفقہ طور پر پاس کرے۔

جناب قائم مقام سپیکر: بصیر صاحب۔

میجر (ریٹائرڈ) بصیر احمد خٹک: سر، د دے نه مخکښے چه زهٔ دا قرار داد پیش کړم، لږ غوندے د دے وضاحت کول غواړم۔ سر، د بد قسمتئ نه چه کله په دے صوبه کښے د بد امنئ یا د دهشت گردئ فضا جوړه شوے ده نو تاسو به اکثر اوقات کتلی وی چه کوهاټ ټنل چه دے، هغه هر وخت بند وی، نتیجتاً زمونږ د ساؤتھ وزیرستان، د نارتھ وزیرستان د خلقو نه علاوه د کراچئ نه زمونږ د صوبه سرحد چه کوم ټریفک 'بائی روډ' روان وی، هغه د کوهاټ ټنل د وجے نه Divert کیږی او هغه د اسلام آباد، ترنول، فتح جنگ یا د نظام پور روډ استعمالوی۔ په دے وخت کښے سر، د نظام پور موجوده روډ چه کوم دے، دا د اسلام آباد او د فتح جنگ د روډ په نسبت باندے تقریباً لنډ هم دے او Defence point of view باندے هم یو خاص اهمیت لری، اکثر اوقات دغه روډ استعمالیږی خو د دے روډ موجوده حالت چه کوم دے، دا د دے قابل نه دے چه دومره غټ ټریفک دا برداشت کړی او د دے وجے نه خاصکر په باران کښے یا د شپے دغلته کښے خلقو ته چونکه مسافر 'سیریس' وی، هغوی ته ډیر تکلیف وی او ډیر مشکلات ورته پیش کیږی نو دغه مشکلاتو پیش نظر چونکه دا نه صرف د پی ایف 15 ضلع نوشهره یا د جنوبی اضلاع ځان ته مسئله ده بلکه زهٔ به دا اوګنړم او توقع لرم چه تاسو به په دیکښے اتفاق اوکړئ چه دا سړک د صوبے د پاره یو خاص اهمیت لری نو ضروری دا ده چه دا سړک د دو رویه پوخ کړے شی، د دے کارپټنګ د اوشی، Dual carriage way د جوړ کړلے شی چه د صوبے خلقو ته سهولت ورکړے شی او د دے مصیبت نه خلاص شی۔ نو ستاسو په اجازت باندے دا قرارداد پیش کوم۔

"جناب سپیکر صاحب، کوہاٹ ٹنل کی صورتحال خراب ہونے کی وجہ سے جنوبی اضلاع کا سارا ٹریفک بغرض پشاور / اسلام آباد جانے کیلئے کوہاٹ سے نظام پور، خیرآباد روڈ استعمال کرتا ہے، مذکورہ کوہاٹ، نظام پور اور خیرآباد روڈ دفاعی لحاظ سے بھی ایک خاص اہمیت رکھتی ہے مگر اس کی موجودہ صورتحال اس قابل نہیں ہے کہ ٹریفک کے اس لوڈ کو بہ آسانی برداشت کر سکے، نتیجتاً تمام Road users کو مختلف قسم کے مسائل اور خطرات سے دوچار ہونا پڑتا ہے، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ کوہاٹ، نظام پور اور خیرآباد روڈ کو فوری طور پر ایف اتیچ اے سے این اتیچ اے کو Hand over کیا جائے

اور ہنگامی بنیادوں پر اس کی ضروری دو رویہ کشادگی اور پختگی یعنی Dual carriage way یقینی بنا کر اسے ایک متبادل روڈ کے طور پر تمام موسموں کیلئے قابل استعمال بنایا جائے اور خوشحال گڑھ Brudge کو بھی اس میں شامل کیا جائے، اس کی از سر نو تعمیر شروع کی جائے"۔

مسٹر سپیکر سر، په دے حلقه زۂ امجد آفریدی صاحب سره د وزیر اعلیٰ صاحب سره ملاؤ شوے وو دا خبره مو کړے وه، په دغه حلقه زۂ پخپله په ذاتی حیثیت کښے زمونږ متعلقه وفاقی وزیر عالمگیر صاحب سره هم ملاؤ شوے یم، هغوی هم راته یقین دهانی راکړے ده خو دا ضروری ده چه د دے اسمبلئ نه د دے د صوبے په سطح دا کیس Take up کړے شی۔ امید لرم چه د دے هاؤس ټول معزز ممبران، خویندے، وروڼړه ټول په دیکښے متفق وی او Unanimously به دا قرارداد چه دے، د پاس کولو کوشش به کوؤ۔ ډیره مهربانی، ډیره ډیره شکریه جی۔

<u>جناب قائم مقام سپیکر:</u> مسٹر اسرار اللہ خان گنڈہ پور صاحب۔

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور:</u> شکریہ، سر۔ اس پہ میں بات کرنا چاہتا ہوں لیکن میری یہ گزارش ہے کہ یہ جو موسیٰ خانخیل شہید ہوا تھا سوات میں، اس کے حوالے سے بھی ایک قرارداد ہے جو کہ ایجنڈے پر نہیں ہے، ہمارے صحافی دوست۔۔۔۔۔

<u>جناب قائم مقام سپیکر:</u> دے پسے، اس کے بعد، اس کے بعد۔

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور:</u> او۔کے، سر۔ "کوہاٹ ٹنل کی صورتحال خراب ہونے کی وجہ سے جنوبی اضلاع کا سارا ٹریفک بغرض پشاور / اسلام آباد جانے کیلئے کوہاٹ سے نظام پور، خیرآباد روڈ استعمال کرتا ہے، مذکورہ کوہاٹ، نظام پور اور خیرآباد روڈ دفاعی لحاظ سے بھی ایک خاص اہمیت رکھتی ہے مگر اس کی موجودہ صورتحال اس قابل نہیں کہ ٹریفک کے اس لوڈ کو بھی آسانی سے برداشت کر سکے، نتیجتاً Road users کو مختلف قسم کے مسائل اور خطرات سے دوچار ہونا پڑتا ہے، لہذا یہ صوبائی اسمبلی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ کوہاٹ، نظام پور، خیرآباد روڈ کو فوری طور پر ایف اتیچ اے سے این اتیچ اے کو Hand over کیا جائے اور ہنگامی بنیادوں پر اس کی ضروری دو رویہ کشادگی اور پختگی یقینی بنا کر اسے ایک متبادل روڈ کے طور پہ تمام موسموں کیلئے قابل استعمال بنایا جائے"۔

<u>Mr. Acting Speaker:</u> The motion before the House is that the joint resolution, with certain amendments, moved by the honourable

Ministers and Members may be passed? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Acting Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed unanimously. Mufti Kifayatullah, honourable MPA and other honourable MPAs, including Mr. Israrullah Khan Gandapur, to please move the resolution No. 245. Mufti Kifayatullah Sahib.

مفتی کفایت اللہ: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ یہ مجھے جو قرارداد ملی ہے، یہ 245 نمبر ہے۔۔۔۔۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: یہ دوسری ہے۔

مفتی کفایت اللہ: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ صوبائی اسمبلی کا یہ ایوان سوات میں 'جیو' ٹی وی اور 'دی نیوز' کے نمائندے موسیٰ خانخیل (مرحوم) کی ہلاکت کی پرزور مذمت کرتا ہے اور اس سفاکانہ کارروائی کو سوات میں قیام امن کیلئے کی جانے والی کاوشوں کے خلاف ایک سازش سمجھتا ہے۔ یہ اجلاس موسیٰ خانخیل شہید کے خاندان سے دلی تعزیت کرتا ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ جل جلالہ شہید کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ یہ ایوان حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ موسیٰ خانخیل شہید کے بہیمانہ قتل کی تحقیقات پشاور ہائیکورٹ کے جج سے کرائی جائیں کیونکہ پولیس نے ابھی تک اس سلسلے میں ابتدائی تحقیقات بھی مکمل نہیں کیں۔ یہ ایوان حکومت سے یہ بھی مطالبہ کرتا ہے کہ سوات سمیت دیگر شورش زدہ علاقوں میں کام کرنے والے صحافیوں کو تحفظ فراہم کرے۔

جناب عبدالاکبر خان: قرارداد پوری نہیں ہے۔

مفتی کفایت اللہ: میں عرض کر رہا ہوں نا، اصل میں یہ تمہید پڑھ رہا تھا اور یہ قرارداد پڑھ رہا ہوں۔ یہ ایوان سوات میں ایک عظیم صحافی، موسیٰ خانخیل کے بے رحمانہ قتل پر تشویش کا اظہار کرتا ہے اور ان کے قتل کو آزادی صحافت پر وار قرار دیتا ہے۔ یہ ایوان ان کی صحافتی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتا ہے اور یہ کہ صحافتی ذمہ داری ادا کرنے والے صحافی بھائیوں کے تحفظ کیلئے ممکنہ اقدامات اٹھائے اور حکومت ان کے لواحقین کو کم از کم پانچ لاکھ روپے معاوضہ ادا کرے۔

سینئیر وزیر بلدیات، انتخابات و دیہی ترقی: اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے۔

مفتی کفایت اللہ: ہاں، آپ Amendment لائے اس میں۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، اس قرارداد پر دیگر ارکان اسمبلی بھی بات کرنا چاہتے ہیں اور اس سلسلے میں ہماری روایات ہیں کہ سیاسی جماعتوں کے نمائندے اس چیز کو ہاؤس میں پیش کرتے ہیں تو اسلئے ہمیں بھی اجازت دی جائے کہ ہم اس قرارداد کو پھر پیش کریں۔

جناب قائم مقام سپیکر: جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: یہ صوبائی اسمبلی سوات میں 'جیو' ٹی وی اور 'دی نیوز' کے نمائندے موسیٰ خانخیل (مرحوم) کی ہلاکت کی پرزور مذمت کرتی ہے اور اس سفاکانہ کارروائی کو سوات میں قیام امن کیلئے کی جانے والی کوششوں کے خلاف ایک سازش سمجھتی ہے۔ یہ اسمبلی موسیٰ خانخیل (مرحوم) کے خاندان سے دلی تعزیت کرتی ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ جل جلالہ شہید کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے، (آمین)۔ یہ اسمبلی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ موسیٰ خانخیل (مرحوم) کے بہیمانہ قتل کی تحقیقات پشاور ہائیکورٹ کے جج سے کرائی جائیں۔

جناب عبدالاکبر خان: یہ تمہید ہے اور قرارداد۔۔۔۔۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، یہ جو صحافیوں نے دیا تھا، سر، یہ تمہید تو نہیں ہے، یہ قرارداد ہی ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، یہ تمہید ہے۔

جناب قائم مقام سپیکر: آپ کی قرارداد یہ ہے جو ہمارے پاس آئی ہے۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، اس میں جو صحافیوں نے دی تھی، وہ یہی تھی۔ اگر آپ کہتے ہیں کہ 245 کو پڑھا جائے تو میں اس کو پڑھ لیتا ہوں۔

جناب قائم مقام سپیکر: نہیں، یہ 245 ایجنڈے پر ہے۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: یہ ایوان سوات میں۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، پلیز آپ بیٹھ جائیں نا۔

مفتی کفایت اللہ: میں اس پہ عرض کرتا ہوں کہ یہ جس طرح کرنا چاہیں، وہ کریں لیکن طریقہ یہ ہوتا ہے، اصول یہ ہے کہ اگر کسی طرف سے کوئی بات آتی ہے اور وہ بات کرنا چاہتا ہے تو اس کی حوصلہ افزائی کی جائے، اس کو کریڈٹ دیا جائے۔ اگر میں پڑھ رہا ہوں اور آپ سب 'ہاں' کر لیتے ہیں تو یہ سب کی پراپرٹی ہے۔ اب اس میں یہ اسرار کرنا کہ اس کو One by one پڑھا جائے، اگر مشترکہ قرارداد ہے تو one

by oneہو، ورنہ بشیر بلور صاحب اور عبدالاکبر صاحب جب اس کی حمایت کر لیتے ہیں تو یہ پراپرٹی آف دی ہاؤس بن جاتی ہے، میرے خیال میں کریڈٹ کی بات نہیں ہے۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، اس میں صحافی ہمارے پاس آئے تھے، ہم کوئی 'پوائنٹ سکورنگ' نہیں کر رہے ہیں، سر۔

جناب قائم مقام سپیکر: جناب بشیر احمد بلور صاحب۔

سینئیر وزیر (بلدیات): ہمارے مفتی صاحب بیٹھے ہیں، ایم ایم اے کی حکومت میں میں نے جتنی قراردادیں پیش کی ہیں اپنی طرف سے تو خواہ مخواہ ان کے لوگوں نے اس میں اپنے نام لکھوائے ہیں، چاہے میں نے یہ قرارداد پیش کی تھی کہ ایک دن پر مدینے، مکے کے ساتھ آپ روزہ رکھیں اور عید کریں، تو اس میں بھی انہوں نے ہمارے ساتھ دستخط کئے تھے، جو بھی میں نے پیش کی، ان پر سب نے دستخط کیے ہیں۔ آج ہم وہی بات کرتے ہیں، ہم کوئی فالتو بات نہیں کرتے۔

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر صاحب۔

جناب قائم مقام سپیکر: جناب صابر شاہ صاحب۔

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر، یہ بڑی اہم قرارداد ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہاں پر جو بھی سیاسی جماعت بیٹھی ہوئی ہے، ہم ضرور کریڈٹ دیں گے مولانا صاحب کو کہ انہوں نے اس کو Initiate کیا ہے لیکن اس کے اندر ہمیں وسیع النظری کا مظاہرہ کرنا ہو گا اور میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ اس میں ہر جماعت کو شامل کیا جائے اور اسی قرارداد کو پڑھیں اور اس کے بعد تمام جماعتوں کے جو قائدین ہیں، وہ اس کو پڑھیں تاکہ یہاں سے ایک میسج جائے، ہم اس قرارداد کو لیکر آگے جائیں تاکہ ہماری آواز جو ہے، وہ دنیا تک پہنچے اور یہ جو ظلم اور زیادتی ہو رہی ہے، اس کا ازالہ ہو۔ اسلئے وہ پیش کریں گے اور اس کے بعد One by one ہم پیش کریں گے۔

جناب قائم مقام سپیکر: آپ پیش کریں۔

سید محمد صابر شاہ: میں پیش کروں؟

جناب قائم مقام سپیکر: جی ہاں۔

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر، شکریہ۔ "یہ ایوان سوات میں ایک عظیم صحافی، موسیٰ خانخیل کے بے رحمانہ قتل پر تشویش کا اظہار کرتا ہے اور ان کے قتل کو آزادی صحافت پر وار قرار دیتا ہے۔ یہ ایوان ان کی

صحافتی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتا ہے اور قرار دیتا ہے کہ صحافی ذمہ داری ادا کرنے والے بھائیوں کے تحفظ کیلئے ممکنہ اقدامات اٹھائے جائیں اور حکومت ان کے لواحقین کو کم از کم پانچ لاکھ روپے معاوضہ ادا کرے"۔

<u>جناب قائم مقام سپیکر</u>: جناب عبدالاکبر خان۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: شکریہ۔ "یہ ایوان سوات میں ایک عظیم صحافی، موسیٰ خانخیل کے بے رحمانہ قتل پر تشویش کا اظہار کرتا ہے اور ان کے قتل کو آزادی صحافت پر وار قرار دیتا ہے۔ یہ ایوان ان کی صحافتی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتا ہے اور قرار دیتا ہے کہ صحافی ذمہ داری ادا کرنے والے بھائیوں کے تحفظ کیلئے ممکنہ اقدامات اٹھائے جائیں اور حکومت ان کے لواحقین کو کم از کم تین لاکھ روپے معاوضہ ادا کرے"۔

(قہقہے)

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: اچھا، سوری، "پانچ لاکھ"۔

<u>جناب قائم مقام سپیکر</u>: جناب عطیف الرحمان صاحب۔

<u>جناب عطیف الرحمان</u>: "یہ ایوان سوات میں ایک عظیم صحافی، موسیٰ خانخیل کے بے رحمانہ قتل پر تشویش کا اظہار کرتا ہے اور ان کے قتل کو آزادی صحافت پر وار قرار دیتا ہے۔ یہ ایوان ان کی صحافتی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتا ہے اور قرار دیتا ہے کہ صحافی ذمہ داری ادا کرنے والے بھائیوں کے تحفظ کیلئے ممکنہ اقدامات اٹھائے جائیں اور حکومت ان کے لواحقین کو کم از کم پانچ لاکھ روپے معاوضہ ادا کرے"۔

<u>Mr. Acting Speaker</u>: The motion before the House is that the resolution moved by the honourable Members may be passed? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

<u>Mr. Acting Speaker</u>: The ‘Ayes’ have it. The resolution is passed unanimously. Mrs. Shagufta Malik, honourable MPA, to please move her resolution No. 237. Mrs. Shagufta Malik, please.

<u>محترمہ شگفتہ ملک</u>: شکریہ، جناب سپیکر۔ "یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ موضع اکبرپورہ، ضلع نوشہرہ میں عرصہ دراز سے سوئی گیس کے پائپ بچھائے گئے ہیں جو اب زنگ آلود ہو چکے ہیں، جس سے علاقے کے لوگوں میں بے چینی پائی جاتی ہے، لہذا اس پر جلد کام شروع کرنے کی ہدایت کی جائے تاکہ لوگوں کو سوئی گیس کی سہولت مہیا ہو سکے"۔

مسټر سپیکر، تقریباً د نن نه دوه کاله مخکښے د ګیس پائپونه اچولی شوی دی په اکبر پوره علاقه کښے او هغه تر اوسه پورے زنګ شوی دی خو هغوی ته تر اوسه پورے د ګیس سهولت نه دے ورکړے شوے۔ دا تقریباً د جی ټی روډ نه دوه کلومیټره فاصله کښے دے، نو زما به ریکویسټ وی چه دا د ګیس سهولیات هغوی ته زر تر زره ورکړے شی ځکه چه د هغه علاقے خلق چه دی، هغه ډیر زیات محرومه دی او ګیس د هر کور ضرورت دے۔ تهینک یو۔

Mr. Acting Speaker: The motion before the House is that the resolution moved by the honourable Member may be passed? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Acting Speaker: The ‘Ayes’ have it. The resolution is passed unanimously. Mrs. Tabassum Shams, honourable MPA, to please move her resolution No. 246. Mrs. Tabassum Shams, please.

محترمہ تبسم شمس: تھینک یو، مسٹر سپیکر۔ "یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ یونیورسٹیوں میں موجودہ طریقہ کار برائے داخلہ ایم فل GRE کا ٹیسٹ ہے جو شعبہ لسانیات کیلئے انتہائی نقصان دہ ہے، لہذا اس کو اسلامیات، سیرت، قرات اور لسانیات کے شعبے سے ختم کیا جائے۔"

سپیکر صاحب، میں تھوڑا ساExplainکرنے کی کوشش کرونگی۔ میں یہ کہنا چاہ رہی ہوں کہ GREکا جو ٹیسٹ ہے، یہ انتہائی پازٹیو ہو گا سب کیلئے لیکن اپنے دین اسلام کیلئے اور اپنی لینگوجز کیلئے جس میں Specially میں پشتو کا ذکر کرونگی اور اردو کا، ان کیلئے انتہائی نقصان دہ ہے۔ یہ امریکہ کی طرز کا ایک سسٹم ہے جس کو سب نے بہت اچھے طریقے سے اپنایا ہے اور میرے خیال میں بڑی جلدی میں اپنایا ہے۔ تو میں اس پر نظر ثانی کرنے کی درخواست کرونگی اپنے منسٹر صاحب سے۔ میں ان سے ریکویسٹ کرتی ہوں کہ پلیز، اس پر دوبارہ ایک ریویو کریں، اس پر سب لوگوں کی رائے لیں کہ اگر یہ ہمارے اسلامیات کیلئے اور پشتو کیلئے پازٹیو ہے تو پھر مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن برائے مہربانی آپ سب اس کو ایک دفعہ دیکھ لیں کہ یہ کیسا ہے، ہمارے کلچر کیلئے اور ہمارے اسلام کیلئے اور اس کے بعد آپ لوگ جو فیصلہ کریں گے، مجھے منظور ہو گا۔ تھینک یو جی۔

جناب قائم مقام سپیکر: قاضی اسد صاحب۔

قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): جی میں گزارش کرتا ہوں کہ اس کو فی الحال پینڈنگ کر دیں، اس پر پوری ڈیٹیل سے بات کر لیں گے اور جو کچھ اس میں ہو سکا سر، اس سے اسمبلی کو آگاہ کر دیا جائے گا۔

محترمہ تبسم شمس: جناب سپیکر صاحب۔

جناب قائم مقام سپیکر: جی۔

محترمہ تبسم شمس: سر، اس کو فیکلٹی آف لینگو جز اور اسلامیات سے مبرا کیا جائے، میں سب کیلئے اپوز نہیں کر رہی ہوں، صرف اس کیلئے کر رہی ہوں کہ اسلامیات سے اس کو ہٹایا جائے، پشتو اور اردو سے اس کو ہٹایا جائے۔ شکریہ جی، بڑی مہربانی۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: جی ہم دیکھ لیں گے، اگر ہو سکتا کیونکہ یہ ایک بڑا Decision ہے، اس میں یونیورسٹی کے ایم فل کے Criteria کی بات ہے، مجھے تھوڑی سی ڈیٹیل لانے دیں اس پر۔

Mr. Acting Speaker: As requested by the Minister concerned, the resolution is kept pending.

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب! زۂ یوه خبره کول غواړمه۔

جناب قائم مقام سپیکر: جناب ثاقب اللہ صاحب۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: ډیره مهربانی، سپیکر صاحب۔ سر، تاسو ته به علم وی چه نن سحر زمونږه د دے خاورے په تاریخ کښے یو ډیر غلط فعل شوے دے، یو ډیره غلطه سانحه شوے ده، په هغے کښے دا ده چه دهشت گردو، غلطو عناصرو د رحمان بابا ادیره، د رحمان بابا مزار الوزولے دے۔ د هغے د پاره سر، مونږه یو مشترکه ریزولیوشن راوستے دے، زۂ به ریکویسټ کومه چه رول 124 لاندے رول 240 د 'سسپنډ' کړے شی جی چه مونږه یو مشترکه ریزولیوشن پیش کړو۔ هغه به زمونږه د ایوان د طرف نه، د اپوزیشن د طرف نه او د ټریژری بنچز د طرف نه یو یو مشر به ئے بیان کړی او مونږه به غواړو چه تاسو ئے پاس کړئ۔

جناب قائم مقام سپیکر: اجازت دے، د رول د Suspension ضرورت نشته دے۔ جناب بشیر احمد خان بلور صاحب! د رحمان بابا مزار کښے دا کوم-----

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب، زۂ به-----

جناب قائم مقام سپیکر: ثاقب اللہ خان۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب، زمونږہ منسٹر صاحب تہ بہ زما ریکویسٹ وی جی، عبدالاکبر خان صاحب او یا بشیر بلور صاحب بہ د ټریژری بنچز نہ اووائی او اکرم خان درانی صاحب بہ د اپوزیشن طرف نہ اووائی جی، نو بیا بہ ئے مونږہ پیش کړو۔ عبدالاکبر خان یا بشیر بلور صاحب د اووائی۔

جناب قائم مقام سپیکر: اکرم خان درانی صاحب، جناب اکرم خان درانی صاحب۔

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): شکریہ، جناب سپیکر۔"یہ ایوان عظیم عالم، عظیم صوفی اور پشتو کے عظیم شاعر عبدالرحمان بابا کے مزار کی بے حرمتی پر سخت غم وغصے کا اظہار کرتا ہے، بلاشبہ اسلام میں کسی بھی مزار یا مقبرے کی بے حرمتی کی ممانعت کی گئی ہے، اسی طرح مردہ گان کے جسدوں کی بے حرمتی کی بھی ممانعت کی گئی ہے، یہ اسمبلی اس غیر شرعی، غیر اخلاقی اور غیر قانونی فعل کی جتنی بھی مذمت کرے، وہ کم ہے۔ یہ اسمبلی صوبائی اور مرکزی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ اس عظیم صوفی اور شاعر عبدالرحمان بابا کے مزار کی دوبارہ تعمیر کیلئے موثر اقدامات ترجیحی بنیادوں پر اٹھائے۔ یہ اسمبلی صوبائی اور مرکزی حکومت سے اس امر کی بھی سفارش کرتی ہے کہ اس فعل میں ملوث انسانیت، مذہب، قانون اور اخلاقیات کے مجرموں کو فی الفور گرفتار کرکے ان تمام کو سخت سے سخت سزادی جائے"۔

جناب قائم مقام سپیکر: جناب عبدالاکبر خان، مسٹر عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: جی، شجاع صاحب پڑھ لیں گے۔

جناب قائم مقام سپیکر: جناب شجاع خان۔

جناب محمد شجاع خان (وزیر خوراک): شکریہ، جناب سپیکر۔"یہ ایوان عظیم عالم، عظیم صوفی اور پشتو کے عظیم شاعر عبدالرحمان بابا کے مزار کی بے حرمتی پر سخت غم وغصے کا اظہار کرتا ہے، بلاشبہ اسلام میں کسی بھی مزار یا مقبرے کی بے حرمتی کی ممانعت کی گئی ہے، اسی طرح مردہ گان کے جسدوں کی بے حرمتی کی بھی ممانعت کی گئی ہے، یہ اسمبلی اس غیر شرعی، غیر اخلاقی اور غیر قانونی فعل کی جتنی بھی مذمت کرے، وہ کم ہے۔ یہ اسمبلی صوبائی اور مرکزی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ اس عظیم صوفی اور شاعر عبدالرحمان بابا کے مزار کی دوبارہ تعمیر کیلئے موثر اقدامات ترجیحی بنیادوں پر اٹھائے۔ یہ اسمبلی، صوبائی اور مرکزی حکومت سے اس امر کی بھی سفارش کرتی ہے کہ اس فعل میں ملوث انسانیت، مذہب، قانون اور اخلاقیات کے مجرموں کو فی الفور گرفتار کرکے ان تمام کو سخت سے سخت سزادی جائے"۔

جناب قائم مقام سپیکر: جناب عاقل شاہ صاحب۔

سید عاقل شاہ (وزیر برائے کھیل، ثقافت): اجازت ہے جی؟ "یہ ایوان عظیم عالم، عظیم صوفی اور پشتو کے عظیم شاعر عبدالرحمان باباکے مزار کی بے حرمتی پر سخت غم وغصے کا اظہار کرتا ہے، بلاشبہ اسلام میں کسی بھی مزار یامقبرے کی بے حرمتی کی ممانعت کی گئی ہے، اسی طرح مردہ گان کے جسدوں کی بے حرمتی کی بھی ممانعت کی گئی ہے، یہ اسمبلی اس غیر شرعی، غیر اخلاقی اور غیر قانونی فعل کی جتنی بھی مذمت کرے، وہ کم ہے۔ یہ اسمبلی، صوبائی اور مرکزی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ اس عظیم صوفی اور شاعر عبدالرحمان باباکے مزار کی دوبارہ تعمیر کیلئے موثر اقدامات ترجیحی بنیادوں پر اٹھائے۔ یہ اسمبلی، صوبائی اور مرکزی حکومت سے اس امر کی بھی سفارش کرتی ہے کہ اس فعل میں ملوث انسانیت، مذہب، قانون اور اخلاقیات کے مجرموں کو فی الفور گرفتار کر کے ان تمام کو سخت سے سخت سزادی جائے"۔

Mr. Acting Speaker: Any other Member?

وزیر برائے کھیل، ثقافت: جناب سپیکر صاحب، چونکہ میں ابھی وہاں سے آیا ہوں تو میں ایک دو باتیں قرارداد کے علاوہ کرنا چاہونگا اس سے پہلے کہ قرداد منظور کریں تاکہ آپ کو بھی پتہ چل جائے کہ وہاں پر کیا ہوا ہے؟

جناب قائم مقام سپیکر: فرمائیں۔

وزیر برائے کھیل: آج صبح پانچ بجے، وہاں پر باقاعدہ طور پر رات کو ڈائنامائٹ Lay out کیا گیا ہے اور وہ مختلف جگہوں پر چار یا پانچ ڈائنامائٹ لگائے گئے تھے جن میں سے ایک ابھی تک بلاسٹ نہیں ہو سکا۔ مزار کی پوزیشن یہ ہے کہ اس پر ایک Dome ہے اور نیچے وہ مزار کھڑا ہے اور بڑا خوبصورت نظارہ ہے اور آج سے دو ماہ پہلے حکومت افغانستان نے بھی ریکویسٹ کی تھی اور اس مزار کو انہوں نے Develop کیا تھا۔ اس میں انہوں نے سنگ مرمر کا کام کیا، تو میں چونکہ کلچر کا منسٹر ہوں، وہاں پر انہوں نے مجھے بلایا بھی تھا مگر یہ بتانا چاہتا ہوں کہ یہ مزار ارکیالوجی ڈیپارٹمنٹ کے پاس ہے جو کہ منسٹر ایجوکیشن کے پاس ہے، بہر حال اس وقت مزار کی پوزیشن یہ ہے کہ کسی بھی وقت وہاں پر حادثہ ہو سکتا ہے، وہ Collapse ہو سکتا ہے، شہید ہو سکتا ہے خدانخواستہ، تو Emergency basis پر، اس قرارداد کے ساتھ ساتھ جو بات بتائی گئی ہے، اس میں یہ سفارش کرتا ہوں کہ فی الفور اس کے اوپر کام شروع کیا جائے تاکہ کم از کم اس کو اس وقت Retain کرے اور اس پر دوبارہ کام شروع کیا جائے۔ اگر خدانخواستہ وہ مزار گر گیا تو کافی نقصان ہو گا کیونکہ بہت بڑی بلڈنگ ہے اور وہاں پر جو پولیس کے لوگ تھے، ان سے میں نے یہ کہا کہ یہاں سے پبلک کو کم از

کم ہٹا دیا جائے۔ بہرحال یہ آپ کے سامنے ہے سارا واقعہ اور میں سمجھتا ہوں کہ اس کے اوپر Emergency basis کی بنیاد پر کام شروع کر دیا جائے۔

Mr. Acting Speaker: Thank you very much. Pir Sabir Shah Sahib.

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: زما یو بل ریکویسټ هم دے۔

سید محمد صابر شاہ: میں پہلے پیش کرلوں تو میرے خیال میں۔۔۔۔

جناب قائم مقام سپیکر: جناب پیر صابر شاہ صاحب۔

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر۔"یہ ایوان عظیم عالم، عظیم صوفی اور پشتو کے عظیم شاعر عبدالرحمان بابا کے مزار کی بے حرمتی پر سخت غم وغصے کا اظہار کرتا ہے، بلاشبہ اسلام میں کسی بھی مزار یا مقبرے کی بے حرمتی کی ممانعت کی گئی ہے، اسی طرح مردہ گان کے جسدوں کی بے حرمتی کی بھی ممانعت کی گئی ہے، یہ اسمبلی اس غیر شرعی، غیر اخلاقی اور غیر قانونی فعل کی جتنی بھی مذمت کرے، وہ کم ہے۔ یہ اسمبلی، صوبائی اور مرکزی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ اس عظیم صوفی اور شاعر عبدالرحمان بابا کے مزار کی دوبارہ تعمیر کیلئے موثر اقدامات ترجیحی بنیادوں پر اٹھائے۔ یہ اسمبلی صوبائی اور مرکزی حکومت سے اس امر کی بھی سفارش کرتی ہے کہ اس فعل میں ملوث انسانیت، مذہب، قانون اور اخلاقیات کے مجرموں کو فی الفور گرفتار کر کے ان تمام کو سخت سے سخت سزا دی جائے"۔

جناب عطیف الرحمان: جناب سپیکر صاحب۔

جناب قائم مقام سپیکر: جناب عطیف الرحمان صاحب۔

جناب عطیف الرحمان: دے سره سره د مزار د سیکورټی بندوبست د اوشی، دا سے نه چه د هغه ټولے مقبرے نقصان اوشی جی چه بیا ښوک راشی او د رحمان بابا هغه کوم جسد خاکی چه دے، هغے ته څه نقصان اورسی یا نور څه اوشی، نو که د سیکورټی بندوبست ورته اوشو نو دا به ډیره بهتره وی جی۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب، زما یو ریکویسټ دے جی په دیکښے۔

جناب قائم مقام سپیکر: ثاقب اللہ خان۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب، زما ریکویسټ دا دے جی چه زمونږه په دے پیښور کښے چه چرته د صوفیاء کرامو مزارونه دی، دا نور دغه

دی، د دے د پارہ چہ ډائنامائټ ایږدی او دومرہ مضبوط سټرکچر چہ غورځوی نو هغوی پرے ښه مزیدارے درے څلور گهنټے تیرے کړے دی، هلته په مزار کښے کسان شته دے چه دغه ټائم باندے هغوی څه کول؟ دا معلومات کول پکار دی۔ دا جی د یو گهنټے ، د یو ورځ، د شپے خبره نه ده چه ډائنا مائټ ایږدی او دومره سټرکچر هغه تاسو ټولو کتلے دے ، هغه سټرکچر ته چه تاسو ډائنامائټ ایږدئ او بیا هغه پریوځی، هغه الوزی، په دیکښے به ډیرو کسانو ډیر څیزونه کتلی وی۔ زۀ ریکویسټ دا کومه جی چه دا قرارداد تاسو پاس کړئ او ورسره تاسو یو رولنګ هم ورکړئ چه د دے هاؤس یوه سپیشل کمیټۍ لاندے د دے رپورټ اوشی او مونږ ته پته اولګی چه دا ولے دا لس گهنټے ، هغه خو داسے ځائے نه دے چه پټ ځائے دے ، د رحمان بابا ادیره هم ده، هغے سره ټوله آباده علاقه ده، بیا هلته په مزار کښے به کسان وی، اماما ن دی، دا څنګه هغه وخت چه پینځه شپږ گهنټے کښے ورته ډائنامائټ ایږدی نو خامخا به خلقو ته پته لګی۔ بل جناب سپیکر صاحب، دغے سره زمونږه په دے ښار کښے په آبادو علاقو کښے ، په ټوله صوبه کښے په آبادو علاقو کښے ، د ښار په مینځ کښے مزارونه دی، د هغے مزارونو د پاره سیکورټی پکار ده۔ د هغے وجه دا نه ده چه مونږه دا وایو چه د قبر د پاره، د مزار، د مقبرے د پاره خو د هغے سره اوسیدونکی چه کوم ژوندی خلق دی، کورونه دی، د هغوی هم اوس ژوند په خطره کښے دے نو زۀ ریکویسټ کومه چه دا یهو سپیشل کمیټی د جوړه شی، هغه سپیشل کمیټی به د دے ټول Arrangements معلومات اوکړی چه څه Arrangements دی او څه کول پکار دی؟ ډیره مهربانی جی۔

<u>جناب محمد عالمگیر خلیل:</u> جناب سپیکر صاحب۔

<u>جناب قائم مقام سپیکر:</u> جی، عالمگیر خان۔

<u>جناب محمد عالمگیر خلیل:</u> ډیره شکریه۔ جناب سپیکر صاحب، قرارداد هم پیش شو خو خبره دا ده چه د رحمان بابا مزار زما په حلقه پی ایف 6 کښے دے نو دا زما فرض جوړیږی، ما هم چکر وهلے دے خو غټه خبره دا ده چه تقریباً دوه میاشتے مخکښے نه د یو تنظیم د اړخه دے خلقو ته دا چټونه ملاویدل چه تاسو دا مزار خوشے کړئ او د هغے نتیجه نن پینځه بجے دا شوه چه عبدالرحمان بابا د ټولو

پښتنو، د ټول انسانیت، د هغوی شاعری که تاسو اوګورئ، د هغوی شاعری ټوله په قران او په احادیثو باندے ده، نو نن د افسوس مقام دے چه د رحمان بابا غوندے شخصیت، د هغه مزار هم محفوظ پاتے نه شو نو زهٔ، څنګه چه ثاقب خان اووئیل، زهٔ به هم دا اووایم چه د دے ایوان یوه کمیټی د جوړه شی، د دے تحقیقات د اوشی او بله غټه خبره دا ده چه د هر څه د پاره فنډ مختص کیدے شی نو زهٔ د دے ایوان د طرف نه صوبائی حکومت او مرکزی حکومت ته یو درخواست کومه چه د رحمان بابا مزار د پاره د فنډ مختص کړی چه څومره زر کیدے شی۔ دا زما یو خواست دے جی۔

جناب قائم مقام سپیکر: جناب قاضی اسد صاحب۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: شکریہ، جناب سپیکر۔ سر، یہ بڑا افسوسناک واقعہ ہے، ہم نے Already اس کی انکوائری شروع کر دی ہے، ڈائریکٹر اس وقت بھی مزار پر موجود ہیں اور ہم Already اس چیز کا پتہ کر رہے ہیں کہ جو تنخواہ لینے والے ہمارے ملازمین موجود ہیں، ان کی موجودگی میں یہ واقعہ کیوں پیش آیا؟ اور اس کی 'ری کنسٹرکشن' کیلئے بھی ہماری کوشش ہے کہ فوری طور پر اس کو دوبارہ تعمیر کیا جائے اور اس کیلئے سپیشل فنڈز Arrange کیے جائیں۔

Mr. Acting Speaker: The motion before the House is that the resolution moved by the honourable Members and Ministers may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Acting Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is adopted unanimously. Now the sitting is adjourned till 10.00 a.m. of tomorrow morning. Punctuality is must.

(اسمبلی کا اجلاس مورخہ 6 مارچ 2009 بروز جمعہ صبح دس بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)